## رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی 19 رکنی کمیٹی کا اعلان کر دیا

## تحریکوں میں تبدیلی کا عمل جاری رہتا ہے اور جو تحریک جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہوتی وہ حالات کے جبر کا شکار ہو کر ختم ہو جاتی ہے

## ایم کیوایم کی سیاست کا بنیادی مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ خلق خدا کی خدمت ہے

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے اجلاس سے وسیم آفتاب، سلیم تاجک اور قاسم علی رضا کا خطاب

کراچی ۔۔۔24، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، سلیم تاجک اور قاسم علی رضا نے کہا ہے کہ تحریکوں میں تبدیلی کا عمل جاری رہتا ہے اور جو تحریک جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہوتی وہ حالات کے جبر کا شکار ہو کر ختم ہو جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اقتدار کے حصول کیلئے سیاست نہیں کرتی بلکہ ایم کیوایم کی سیاست کا بنیادی مقصد خلق خدا کی خدمت کرنا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جنرل ورکرز اجلاس میں سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے محنت کش کارکنوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج سمیت 19 رکنی نئی کمیٹی کا اعلان کیا اور نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی۔اجلاس سے اپنے خطاب میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کا خاتمہ کر کے ملک میں غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی کا انقلاب لانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر اگر کوئی گامزن کرسکتا ہے، پاکستان کے عوام کی قسمت کوئی بدل سکتا ہے تو وہ شخصیت صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہے اور اب پاکستان کے عوام کیلئے ایم کیوایم کے سوا کوئی آپشن موجود نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریکوں میں تبدیلی کا عمل جاری رہتا ہے اور جو تحریک جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہوتی وہ حالات کے جبر کا شکار ہو کر ختم ہو جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریک میں عہدے اور پوزیشن تحریکی امور چلانے کیلئے دی جاتی ہیں لیکن بنیادی طور پر ہم سب تحریک کے کارکن ہیں۔ایک کارکن کی حیثیت سے ہم سب پر لازم ہے کہ ہم تحریک کے پیغام کو پھیلانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے کہا کہ نظریاتی رشتہ، خونی رشتوں سے زیادہ افضل اور ہوتا ہے لہٰذا تحریکی کارکنان ایک دوسرے کا نہ صرف احترام کریں بلکہ حق پرستی کے مشن کی تکمیل کیلئے ایک دوسرے کی مدد کر کے تحریک کو مضبوط سے مضبوط بنائیں۔

## سندھ بھر میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے، حیدرآباد کے سینکڑوں افراد کی ایم کیوایم شمولیت

## الطاف حسین نے تمام قومیتوں، فقہوں اور مذاہب کے لوگوں کو متحد کر دیا ہے، محمد شریف

حیدرآباد۔۔۔24، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رکنیت سازی مہم کا سلسلہ سندھ بھر میں جاری ہے اور مہم کے پہلے مرحلے میں حیدرآباد سمیت میرپور خاص، نوابشاہ، سانگھڑ ، ٹنڈوالہیار ، جامشورو، عمرکوٹ، تھر (مٹھی)، ٹھٹھہ اور بدین زون میں ایم کیوایم کی جانب سے رکنیت سازی کے سلسلے میں کیمپس لگائے گئے اور جہاں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پُر کر کے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔گذشتہ روز ایم کیوایم حیدرآباد زون کی جانب سے حیدرآباد شہر، لطیف آباد، مارکیٹ چوک، گلشاہ بخاری چوک، لیاقت کالونی، پریٹ آباد اور لطیف آباد کے مختلف علاقوں میں لگائے گئے کیمپوں میں مختلف برادریوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے شدید گرمی کے باوجود ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں جوش وخروش کا مظاہرہ کیا اور کیمپوں پر آ کر ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پُر کئے۔ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں اندرون سندھ کے عوام کی جانب سے بھی گہری دلچسپی کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا اور لوگوں کی بڑی تعداد نے شدید گرمی، دھوپ اور بھوک و پیاس کی پرواہ کیے بغیر طویل قطاریں لگا کر مہم میں حصہ لیا۔دریں اثناء ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف اور زونل کمیٹی کے دیگر ارکان نے حیدرآباد میں قائم رکنیت سازی کیمپوں کا دورہ کیا اور وہاں موجود افراد سے ملاقات کی۔انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سندھ بھر کے غریب و متوسط طبقے کے عوام کی حکمرانی اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے تمام قومیتوں، فقہوں اور مذاہب کے لوگوں کو متحد کر کے انہیں ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع کر دیا ہے اور انشاءاللہ ملک بھر کے مظلوم عوام، جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنی منزل ضرور حاصل کریں گے۔

## پاکستان کا محفوظ اور تابناک مستقبل الطاف حسین کے فلسفۂ سیاست میں مضمر ہے۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

## یوایس اے میامی میں ایم کیوایم کے چودہویں کنونشن کی تقریب سے خطاب

میامی امریکہ۔۔۔24مئی 2010ء

نارتھ امریکہ کی ریاست میامی میں ایم کیوایم ، یوایس اے کی جانب سے منعقدہ چودھویں کنونشن کی تقریبات دوسرے روز میں داخل ہوگئیں۔کنونشن تین روز تک جاری رہے گا22 مئی 2010ءکوایم کیوایم USA کے نگرانِ اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے دوسرے روز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب سمیت ملک بھر کے مظلوم اورحقوق سے محروم عوام نے اس حقیقت کو جان لیا ہے کہ الطاف حسین نے نہ صرف غریبوں کا معیارزندگی بلند کیا بلکہ انہوں نے غریب اورمتوسط طبقے کوعزت سے جینے کا سلیقہ بھی سکھایا ہے اور یہی وجہ ہے کہ کشمیر اور گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کا فلسفہ تیزی سے پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج پاکستان سے تعلق رکھنے تمام قومیتوں کے افراد کی بہت بڑی تعداد میں یہاں موجود ہے اور میں انہیں اس کنونشن کے توسط سے بتانا چاہوں گا کہ 25 اپریل 2010ء کو پنجاب کے حق پرست عوام نے کنونشن میں اس حقیقت کو ثابت کیا کہ پاکستان کا محفوظ اور تابناک مستقبل الطاف حسین کے فلسفۂ سیاست میں مضمر ہے۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے مزید کہا کہ کامیاب پنجاب کنونشن کے بعد جاگیرداروں ، وڈیروں اور سرمایہ داروں کونوشتۂ دیوار پڑھ لینا چاہئے کہ اب پاکستان میں 98 فیصد طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کی حکمرانی کا سورج طلوع ہونے کو ہے اور اس صبح کا آغاز ہوا چاہتا ہے جس کے لیے ہمارے آباؤاجداد نے قربانیاں دیں اور پاکستان حاصل کیا۔آخر میں انہوں نے ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے کارکنان کو چودھویں کنونشن کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ قافلہ جو 11 جون 1978ءکو اپنی منزل کی جانب الطاف حسین کی قیادت میں چلا تھا جو بہت جلد اپنی منزل مقصود پر پہنچے گا۔علاوہ ازیں ایم کیوایم USA کے مرکزی آرگنائزر کمال ظفر نے گزشتہ برس کی رپورٹ پیش کی اور سال بھر جاری رہنے والی سرگرمیوں سے شرکاءکو آگاہ کیا۔اس کے علاوہ رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر فرحت اللہ خان، رکن صوبائی اسمبلی عبدالمعید صدیقی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور شرکاءکو چودھویں کنونشن پر اپنی جانب سے دلی مبارکباد بھی دی۔

## سیاسی اور سماجی تبدیلی کے لئے خواتین کو بھائیوں کے شانہ بشانہ میدان عمل میں اترنا ہوگا،ڈاکٹر افتخارحسین بخاری

## لاہور ڈسٹرکٹ میں خواتین کے جلسہ سے خطاب

لاہور۔۔۔24مئی،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون اور لاہور ڈسٹرکٹ کے رہنماؤں کے استقبال میں مانگا منڈی میں خواتین کا ایک بھرپور جلسہ منعقد کیا گیا ،جس میں سینکڑوں خواتین نے شرکت کی ،اس موقع پر یونین کونسل 125 کی چار کونسلر خواتین نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا،ان میں زبیدہ بی بی ،نذیراں بی بی ،منور بی بی اور رانی بی بی کے نام شامل ہیں،اس موقع پر خاتون رہنماءرضیہ ڈوگر نے خواتین کے مسائل سے آگاہ کیا۔متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے ایم کیوایم کا سیاسی موقف پیش کیا اور کہا کہ پنجاب میں سیاسی اور سماجی تبدیلی کے لئے خواتین کو بھائیوں کے شانہ بشانہ میدان عمل میں اترنا ہوگا اور ہمیں اپنے مسائل خود حل کرنا ہونگے ،لاہور زون کی جوائنٹ انچارج پروین اختر نے خطاب کرے ہوئے کہا ایم کیوایم نے اب پنجاب میں خواتین کے درمیان تحریک شروع کردی ہے اور ہم اپنی بہنوں کو خوش آمدید کہتے ہیں،لاہور ڈسٹرکٹ کے انچارج سید شاہین انور گیلانی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ گھر گھر پہنچ چکا ہے اور اب سیاسی وسماجی طور پر انقلابی تبدیلی کا وقت آچکا ہے،لاہور ڈسٹرکٹ کے جوائنٹ انچارج مزمل بخاری نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اس موقع پر لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ممبر سید کاشف خورشید اور علامہ اقبال ٹاون کے جوائنٹ انچارج محمد نعیم بھی شامل تھے۔

☆☆☆☆☆